حصہ "ب"	(مختصر جواب کے سوالات)	کل نشانات: ۲۰

نوٹ: کل چار جزوی سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ کم از کم دو سوال 'غذا اور غذائیت' سے اور کم از کم دو سوالات 'لباس اور پارچہ بافی' سے منتخب کیجئے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

غذا اور غذائیت

سوال نمبر ۲: (i) پکوائی میں انڈوں کے استعمال کے مختلف مقاصد تحریر کیجئے۔

(ii) فولاد، آیوڈین، حیاتین ج، حیاتین د کی کمی سے ہونے والی بیماریوں کے نام تحریر کیجئے نیز ہر ایک کے دو اچھے ذرائع بیان کیجئے۔

(iii) تلنے کی مختلف اقسام کی مثالوں سے وضاحت کیجئے۔

(iv) سبزیوں کی پکوائی کے کوئی پانچ اُصول بیان کیجئے۔

لباس اور پارچہ بافی

(v) سلائی مشین کے کسی دس حصوں کے نام تحریر کیجئے۔

(vi) کپاس کے ریشے کی تین طبعی اور تین کیمیائی خصوصیات تحریر کیجئے۔

(vii) قدرتی اور انسانی ساختہ ریشہ کے مابین فرق واضح کیجئے۔

(viii) کسی پانچ اختتامی سلائیوں کے نام تحریر کیجئے اور ان کے مقاصد بھی بیان کیجئے۔

حصہ "ج"	(تفصیلی جواب کے سوالات)	کل نشانات: ۱۵

نوٹ: کسی بھی دو سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ ایک سوال 'غذا اور غذائیت' سے اور ایک سوال 'لباس اور پارچہ بافی' سے منتخب کیجئے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

غذا اور غذائیت

سوال نمبر ۳: (الف) لحمیات کے افعال اور ذرائع بیان کیجئے۔

(ب) بچوں کے لئے لحمیات کی کیا اہمیت ہے؟ اس کی کمی سے کون سی بیماریاں ہوتی ہیں؟ ان کے نام اور علامات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر ۴: (الف) متوازن غذا کی تعریف کیجئے۔ بنیادی غذائی گروہ کی وضاحت کیجئے۔

(ب) غذائی ضروریات پر اثر انداز ہونے والے عوامل تحریر کیجئے۔

لباس اور پارچہ بافی

سوال نمبر ۵: (الف) پارچہ بافی میں تکمیلی عمل کیا ہوتے ہیں؟ تکمیلی عمل کے اغراض اور مقاصد بیان کیجئے۔

(ب) مرسرائیزیشن کے عمل کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر ۶: (الف) خاکہ اور پیٹرن کے مابین فرق واضح کیجئے۔

(ب) سلائی سے پہلے کپڑے کی تیاری کے مراحل بیان کیجئے۔

☆☆☆

www.ilmkidunya.com